بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، ساہیوال

پریس ریلیز

جملہ متعلقین کو مطلع کیا جاتا ہے کہ امتحان انٹرمیڈیٹ پارٹ I,II (کمپوزٹ) سالانہ امتحان 2018ء انشاء اللہ مورخہ 05-05-2018 سے شروع ہو رہا ہے پارٹ I,II (کمپوزٹ) امیدواران کے لیے 110 امتحانی مراکز قائم کیے گئے ہیں اس سلسلہ میں پرائیوٹ امیدواران کو رول نمبر سلپس بمعہ ڈیٹ شیٹ امیدواران کے دیے گئے پتہ جات پر ارسال کر دی گئی ہیں۔ تاہم پرائیویٹ امیدواران خود بھی بورڈ کی ویب سائٹ www.bisesahiwal.edu.pk سے ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں جبکہ ریگولر امیدواران کو سلپس انکے ادارہ جات خود ڈاؤن لوڈ کر کے دیں گے۔ مورخہ 30-04-2018 تک رول نمبر سلپ نہ ملنے کی صورت میں داخلہ فارم جمع کروانے کے ضروری کوائف کے ساتھ دفتر سے رابطہ کریں۔

تمام امیدواران مطلع رہیں کہ امتحانی مراکز پر موبائل فون لے جانا اور اسکا استعمال قطعی ممنوع ہے کسی امیدوار سے موبائل فون برآمد ہونے کی صورت میں اس کیخلاف حسب ضابطہ UMC اور پولیس کیس رجسٹرڈ کیا جائے گا۔ مزید برآں کسی بھی قسم کے ناجائز ذرائع کے استعمال پر بورڈ قوانین کے مطابق UMC اور پولیس کیس رجسٹرڈ کروایا جائے گا۔

تمام امیدواران انٹرمیڈیٹ سالانہ امتحان 2018ء پارٹ I,II (کمپوزٹ) اس بات کو یاد رکھیں کہ وہ اپنا پرچہ دینے کے لیے امتحانی مرکز پر پرچہ شروع ہونے سے تقریباً 30 منٹ (آدھا گھنٹہ) پہلے پہنچ کر اپنی مقرر کردہ سیٹ پر بیٹھ جائیں تاکہ تمام کوائف کے اندراجات صحیح طور پر مکمل کر کے پرچہ بروقت شروع کیا جا سکے۔ طلباء Bubble Sheet پُر کرنے کے لیے بورڈ کی ویب سائٹ www.bisesahiwal.edu.pk سے رہنمائی حاصل کریں اور خصوصی طور پر معروضی پیپر کوڈ کا جوابی کاپی کے دونوں جانب متعلقہ Bubble Sheet پر لازماً صحیح طور پر اندراج کریں۔ غلطی / کوتاہی کی صورت میں امیدوار خود ذمہ دار ہونگے پریکٹیکل کا امتحان نہ دینے کی صورت میں ریوائز رول نمبر سلپ کا شیڈول ہرگز جاری نہ ہوگا۔

جملہ ہائر سیکنڈری سکولز و کالجز کے سربراہان خصوصی طور پر اپنے اداروں کے طلبہ کو امتحانی مراکز میں پرچہ شروع ہونے کے وقت سے یقینی طور پر 30 منٹ قبل پہنچنے کے بارے میں لازمی ہدایت فرمائیں اور طلبہ کی Bubble Sheet پُر کرنے میں راہنمائی فرمائیں

مزید معلومات کے لیے بورڈ کے ان ٹیلی فون نمبرز پر رابطہ کریں

کنٹرولر امتحانات 040-9200218، اسسٹنٹ کنٹرولر امتحانات (انٹر) 040-9200522

کنٹرولر امتحانات

تشہیر نمبر: 1202-CE مورخہ: 21-04-2018

کاپی برائے اطلاع:۔

1۔ ڈائریکٹر کالجز ساہیوال ڈویژن ساہیوال
2۔ ایگزیکٹو ڈسٹرکٹ آفیسر (ایجوکیشن) ساہیوال، اوکاڑہ، پاکپتن
3۔ صدر پریس کلب، ساہیوال برائے اشاعت قومی و مقامی اخبارات
4۔ صدر ایڈیٹرز کونسل، ساہیوال برائے اشاعت قومی و مقامی اخبارات
5۔ جملہ برانچ افسران، بورڈ ہذا۔
6۔ ویب ڈویلپر / ویب منیجر برائے سائٹ